## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور صدر آصف علی زرداری کے درمیان ٹیلی فون پر اہم اور تفصیلی بات چیت

## معاشی صورتحال،بجلی اور توانائی کے بڑھتے ہوئے بحران،امن وامان،سیاسی صورتحال اور مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

## معیشت کی بہتری اور عوام صنعتکاروں اور تاجروں کا اعتماد بحال کرنے کیلئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔الطاف حسین

## جلد ہی صنعتکاروں اور تاجروں سے ملاقات کرکے انکی شکایات سنیں گے،امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے

## جلد ہی اعلیٰ سطح کا اجلاس بلائیں گے،صدر زرداری

لندن۔۔۔20 اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے درمیان گزشتہ شب ٹیلی فون پر اہم اور تفصیلی بات چیت ہوئی۔ بات چیت تقریباً ایک گھنٹہ تک جاری رہی جسکے دوران دونوں رہنماؤں نے ملک کی معاشی صورتحال ،بجلی اور توانائی کے بڑھتے ہوئے بحران، امن وامان ،سیاسی صورتحال اور مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری کو چائنا کے کامیاب دورے کی مبارکباد پیش کی اور ملک کو معاشی بحران سے نکالنے کیلئے صدر آصف زرداری کی کوششوں کی تعریف کی ۔صدر زرداری سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ آپ کے دورے سے چین اور پاکستان کے تعلقات وسیع سے وسیع تر ہونگے اور دونوں ممالک کی دیرینہ دوستی میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ آپ کی کوششوں سے چائنا نے پاکستان کو ٹیلی کمیونی کیشن سیٹلائٹ کے شعبہ، پاکستان کو درپیش بجلی اور معاشی بحران سے نکالنے اور دیگر شعبہ جات میں تعاون کرنے کا یقین دلایا ہے جو کہ ایک بڑی کامیابی ہے ۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ دورہ بہت کامیاب دورہ ثابت ہوا ہے جس پر آصف علی زرداری زبردست مبارکباد کے مستحق ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ نازک معاشی صورتحال کے ساتھ ساتھ ملک میں دہشت گردی ،اغواء برائے تاوان کی وارداتوں اور امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کی وجہ سے صنعتکاروں اور تاجروں کا اعتماد ٹوٹ رہا ہے، ان میں شدید مایوسی پھیل رہی ہے اور وہ اپنا سرمایہ ملک سے باہر منتقل کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت کی بہتری اور عوام خصوصاً صنعتکاروں اور تاجروں کا اعتماد بحال کرنے کیلئے فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری کو کراچی میں بجلی کے نرخوں میں بڑے پیمانے پر کئے جانے والے اضافے سے کراچی کے عوام،صنعتکاروں اور تاجروں میں پائی جانے والی بے چینی اور تشویش سے بھی آگاہ کیا۔انہوں نے صدر مملکت سے درخواست کی کہ وہ صنعتکاروں اور تاجروں سے ملاقات کرکے ان کو اپنی گزارشات پیش کرنے کا موقع دیں اور ان کی شکایات کو دور کریں۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت سے مزید کہا کہ امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے ضروری ہے کہ دہشت گردی کی کارروائیوں اور اغوا برائے تاوان کی وارداتوں پر کسی قسم کا کمپرومائز نہ کیا جائے اور انکی روک تھام کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کئے جائیں۔صدر آصف زرداری نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے اتفاق کیا اور ان سے کہا کہ حکومت ملک کو معاشی بحران سے نکالنے کیلئے پوری کوششیں کررہی ہے اور وہ ذاتی طور پر بھی اس سلسلے میں ہر ممکن کوششیں کررہے ہیں۔صدر مملکت نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ جلد ہی صنعتکاروں اور تاجروں کے وفد سے ملاقات کرکے ان کی شکایات کو سنیں گے اور انہیں دور کرنے کی پوری کوشش کی جائے گی۔صدر آصف زرداری نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے وہ جلد ہی اعلیٰ سطح کا اجلاس بلائیں گے،حکومت اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی غفلت نہیں برتے گی اور عوام کے تعاون سے جرائم کی وارداتوں پر قابو پائے گی۔ جناب الطاف حسین نے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے صدر آصف علی زرداری کو ایک بار پھر اپنے غیر مشروط تعاون کا یقین دلایا۔صدر آصف علی زرداری نے جناب الطاف حسین کے جذبات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی ملک کو بحرانوں سے نکالنے اور جمہوریت کی بقاء کیلئے متحد ہوکر کوششیں جاری رکھیں گی اور دونوں جماعتیں اور دیگر جمہوریت پسند جماعتیں اپنے اتحاد سے ملکی سیاست میں ایک نیا باب رقم کریں گی۔

## کراچی کا امن تباہ کرنے والے پاکستان کے خیرخواہ نہیں ہوسکتے،ارکان قومی اسمبلی

کراچی ۔20، اکتوبر2008ء متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے بہیمانہ قتل اور انہیں فائرنگ کرکے زخمی کرنے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی کھلی غنڈہ گردیاں شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک انتہائی نازک صورتحال سے گزر رہا ہے،عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، ملک کی معیشت کمزور ہورہی ہے اوران حالات میں قومی یکجہتی کو فروغ دینے کے بجائے جو عناصر کراچی جیسے شہر میں امن وامان کی صورتحال کو خراب کررہے ہیں وہ پاکستان اور اس کے عوام کے خیرخواہ نہیں ہوسکتے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے محمد فاروق شہید اور محمد دانش شہید کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کے سفاکانہ قتل کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور قتل کی وارداتوں میں ملوث فرقہ پرست تنظیم کے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## ایم کیوایم ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے رکن اور اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کی زونل کمیٹی کے رکن عبدالرشید میمن کی والدہ محترمہ اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 118-A کے کارکن آفتاب احمد کے والد محبوب علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان محمد دانش اور محمد عرفان کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔ایم کیوایم برطانیہ

## فرقہ پرست تنظیم کے دہشت گردوں کا ٹولہ بعض قوتوں کی ایماء پر کراچی کا امن تباہ کرنا چاہتا ہے۔ڈاکٹر سلیم دانش

لندن۔۔20 اکتوبر 2008ء۔۔۔ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے کراچی میں ایک فرقہ پرست تنظیم کے دہشتگردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے کارکنان محمد دانش اور محمد عرفان کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ دہشت گردوں کا ٹولہ بعض قوتوں کی ایماء پر ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدرد شہریوں کو اپنی دہشت گردی کا نشانہ بنا رہا ہے اور دہشت گردیوں کے ذریعے کراچی کا امن تباہ کرنا چاہتا ہے لیکن شہر کے امن پسند عوام اس دہشت گرد ٹولے کی کوششیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ڈاکٹر سلیم دانش اور اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکنوں محمد دانش اور محمد عرفان کے قتل میں ملوث فرقہ پرست تنظیم کے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔انہوں نے دانش شہید اور عرفان شہید کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کارکنان کی مغفرت فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمی کارکنان کو صحت و تندرستی عطا فرمائے (آمین)

## فرقہ پرست تنظیم کے دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم کے کارکنوں محمد دانش اور محمد عرفان کے بہیمانہ قتل پر محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کا اظہار مذمت

ابوظہبی۔۔۔20 اکتوبر 2008ء

محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کی ایڈہاک کمیٹی نے کراچی میں ایک فرقہ پرست تنظیم کے دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم کے کارکنوں محمد دانش اور محمد عرفان کو شہید کئے جانے کی شدید مذمت کی ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنوں کے قاتلوں اور شہر کا امن تباہ کرنے کی کوششیں کرنے والوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد عناصر کافی عرصے سے کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے جرائم اور دہشت گردی کی مسلسل کارروائیاں کررہے ہیں تاکہ حکومت کو غیر مستحکم کیا جائے اور کراچی کی حق پرست قیادت شہر کی ترقی کیلئے جو کوششیں کررہی ہے ان کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کی جائیں۔محبان پاکستان متحدہ عرب امارات کی ایڈہاک کمیٹی نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور سندھ کے گورنر، وزیراعلیٰ اور وزیرداخلہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکنوں کو شہید کرنے اور شہر میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرنے والے جرائم پیشہ دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنوں محمد دانش شہید اور محمد عرفان شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ دونوں شہید کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆